© rasailojaraid.com

مولانا مفیض اللہ صاحب بنگلہ دیش ـــــ مولانا مفتی مہدی حسن صاحب مفتی دار العلوم دیوبند ـــــ مولانا علامہ مار تونگ صاحب ـــــ مولانا عبد الباری ندوی ـــــ مولانا محمد اویس ندوی نگرامی ـــــ مولانا محمد اسماعیل صاحب و دیگر حضرات۔

**اضافۂ مشاہرات** اجلاس نے موجودہ دور کی مہنگائی کے پیش نظر ذیلی کمیٹی کو اختیار دیا، کہ اساتذہ و عملہ کی تنخواہوں کے مسئلہ پر غور کرے، چنانچہ اس کمیٹی نے اپنے شام کے اجلاس میں تمام اساتذہ اور عملہ کی تنخواہوں میں معقول اضافہ کی منظوری دے دی اسکی وجہ سے دار العلوم کے اخراجات میں صرف تنخواہوں کی مد میں تقریباً ۲۵ ہزار سالانہ کا اضافہ ہو جائے گا۔

اجلاس میں شرکت کرنے والے بعض ارکان کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

میاں محمد اکرم شاہ کاکاخیل ـــــ الحاج شیر افضل خان بدرشی ـــــ مولانا ولایت شاہ کاکاخیل حاجی شیر افضل خان لاہور ـــــ میاں مراد گل کاکاخیل ـــــ حاجی حبیب الرحمان نوشہرہ ـــــ مولانا قاری محمد امین صاحب ـــــ حاجی مطیع الرحمان مردان ـــــ مولانا قاری سعید الرحمان راولپنڈی ـــــ مولانا عبد الحنان صاحب ـــــ حاجی محمد صابر صاحب لاہور ـــــ مولانا عبد الرشید صاحب ـــــ مولانا محمد یوسف قریشی ـــــ مولانا اشرف علی قریشی پشاور ـــــ حاجی وزیر محمد صاحب برباشیل ـــــ مولانا فضل حلیم ـــــ حاجی سعد الواسع پیر سبائی ـــــ نواب محمد سلیمان صاحب اوکاڑہ ـــــ حاجی حضرت لاہور ـــــ سید عبد الحنان میاں صاحب ـــــ مولانا غلام حیدر لاہور ـــــ الحاج سید نور بادشاہ ـــــ الحاج غلام محمد ـــــ الحاج محمد یوسف صاحب ـــــ الحاج رحمان الدین صاحب ـــــ ملک کرم الٰہی صاحب۔ جناب مستقر خان صاحب ـــــ مولانا دوست محمد ـــــ ڈاکٹر صاحب شاہ۔ حاجی سیف الرحمان۔

**نئے تعلیمی سال کا آغاز** ۲۶ر شوال سے دار العلوم کے نئے تعلیمی سال کا افتتاح ہو چکا ہے حضرت شیخ الحدیث مدظلہ، نے درس ترمذی شریف کے افتتاح کے بعد علوم دینیہ کی فضیلت اور طلب علم کے آداب پر مختصراً تقریر کی، اس موقع پر اتفاق سے مولانا حافظ محمد اشرف صاحب شعبۂ اسلامیات پشاور یونیورسٹی اور مولانا غلام محمد صاحب مصنف حیات اشرف کراچی بھی تشریف لائے تھے، چنانچہ حضرت شیخ الحدیث صاحب کی خواہش پر مولانا محمد اشرف صاحب نے فضیلت علم پر مؤثر تقریر فرمائی، اب حضرت شیخ الحدیث صاحب اور دیگر تمام اساتذہ اور شعبے درس و تدریس میں مشغول ہیں، صرف دورۂ حدیث شریف میں طلبہ کی تعداد تقریباً ڈیڑھ سو ہے۔

**نئے استاذ کا تقرر** شوال سے دار العلوم کے اساتذہ میں حضرت مولانا محمد حسن جان صاحب



© rasailojaraid.com